# رکنیت کے قوائد وضوابط

## آوازِ نسواں

National Network of Women Voters

آن

National Secretariat: Center of Gender & Policy Studies (CGaPS)

## تعارف

پاکستان میں ہر100 میں سے 44 خواتین رجسٹرڈ رائے دہندہ گان ہیں،لیکن ان میں سے صرف 15 سے50 فیصد خواتین اپنا حقِ رائے دہی استعمال کر پاتی ہیں۔انتخابی عمل میں خواتین کی اتنی کم تعداد میں شرکت کی وجوہات میں سماجی رکاوٹیں،خواتین کے لیے مختص پولنگ اسٹیشنز کی قلت اور خواتین سٹاف کا نہ ہونا،اور کئی علاقوں میں سیاسی جماعتوں کا خواتین کو حقِ رائے دہی سے روکنے کا عہد وغیرہ شامل ہیں۔ لازم ہے کہ باشعور خواتین رائے دہندہ گان اپنی حیثیت اور اپنے مسائل کی طرف توجہ دلانے کے لیے منظّم ہوں۔حقِ رائے دہی کو اپنا آئینی حق جان کر ذمہ داری سے استعمال کریں۔تاکہ سیاسی جماعتیں اور رہنما ان کی باشعور اور بااختیار حیثیت کو تسلیم کرکے ان کی ترجیحات کی پذیرائی کریں۔

آوازِ نسواں (آن) غیر منافع بخش،غیر سیاسی اور رکنیت پر مبنی قومی نیٹ ورک ہے۔ یہ پاکستان میں بغیر کسی سیاسی،سماجی اور علاقائی تفریق کے خواتین رائے دہندہ گان کے مسائل کی نمائندگی کرتا ہے۔آن کے مقامی حلقوں کی رکنیت 18 اور 18 سال سے زائد عمر کی خواتین رائے دہندہ گان پر مشتمل ہوگی جو مقامی حلقے کے علاقوں میں رہائش پذیر ہوں اور آن کے اصولوں سے متفق ہوں۔

### آوازِ نسواں مندرجہ ذیل مقاصد کے حصول کیلئے کوشاں ہے:

- باخبر اور باشعور خواتین رائے دہندہ گان کا ایسا نیٹ ورک جس میں اراکین کی ضروریات اور مفادات کی بنیاد پر ترجیحات اور عملی منصوبے بنیں۔
- قومی،صوبائی اور ضلعی سطح پر نیٹ ورک کی آن اراکین منتخب نمائندوں اور عہدیداروں سے رابطے کریں تاکہ عورتوں کی ترجیحات کے لئے اضافی وسائل مختص ہوں۔
- عورتوں کے مسائل اور ترجیحات پر قومی سطح پر غور و فکر اور عملی اقدامات ہوں۔

### آن اراکین کے حقوق و فرائض اور ذمہ داریاں

#### حقوق

- ہر پاکستانی عورت جس کی عمر 18 اور 18 سال سے زائد ہو اور وہ مقامی حلقے میں رہائش پذیر ہو آن کی رکنیت حاصل کرسکتی ہے۔
- **رائے دہندہ اراکین:** وہ خواتین جنہوں نے مقامی حلقوں کی گزشتہ تین اجلاسوں میں شرکت کی ہو۔

- Associate اراکین: وہ افراد اور ادارے جو آن کے کام میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ یہ مقامی حلقوں کے انتخابات میں یا فیصلہ سازی میں شامل نہیں ہو سکتے۔

## فرائض

- آن کے چارٹر کو باشعور طریقے سے قبول کرنا اور اس کا پابند ہونا۔
- مقامی حلقوں کی اجلاس میں شریک ہونا اور منظور شدہ فیس ادا کرنا۔
- مقامی حلقوں میں عہدیداروں کے انتخاب میں حصّہ لینا۔
- آن کے رکن کی حیثیت سے اپنی سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر آن کے لئے کام کرنا۔

### آن کا چارٹر

آن ملک بھر میں خواتین رائے دہندہ گان کا ایک غیر منافع بخش، غیر سیاسی اور رکنیت پر مبنی نیٹ ورک ہے۔ اس کا کسی سیاسی جماعت یا ادارے سے تعلق نہیں ہے بلکہ یہ بغیر کسی سیاسی، سماجی اور جغرافیائی تعصب کے پاکستان میں تمام خواتین رائے دہندہ گان کے مسائل کی نمائندگی کرتا ہے۔

### آن کے بنیادی اصول

پاکستانی خواتین کے حقوق:

۱۔ اپنے آئینی حقوق کا استعمال۔

۲۔ سیاسی، اقتصادی اور سماجی شراکت اور ترقی۔

۳۔ تشدّد سے پاک زندگی۔

۴۔ ہر سطح کی فیصلہ سازی میں شرکت چاہے وہ گھر، علاقے یا محلے، کام کی جگہ یا سیاست میں ہو۔

۵۔ سیاسی جماعتوں، انتخابی امیدواروں اور حقِ رائے دہی کے عمل کے بارے میں معلومات تک رسائی۔

۶۔ مقامی، صوبائی اور قومی انتخابات میں باخبر طریقے سے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی آزادی۔

۷۔ بلاخوف و تشدّد سیاسی امور میں شرکت۔

## ذمہ داریاں

۱۔ باشعور اور فعال ووٹر بننا۔
۲۔ مقامی حلقوں کے اجلاس میں باقاعدگی سے حصّہ لینا۔
۳۔ اپنے علاقے میں عورتوں کی ضروریات کی نشاندہی اور ترجیحات کے لئے مقامی حلقوں کے لائحہ عمل اور منصوبہ سازی کے عمل میں شریک ہونا۔
۴۔ مقامی اور صوبائی حکومتوں کے منتخب عہدیداروں اور انتظامیہ سے رابطے بڑھانا اور ان کو اپنے حلقہ کے مسائل اور ترجیحات سے آگاہ کرنا۔
۵۔ مقامی حلقوں یا سکریٹریٹ کی درخواست پر آوازِ نسواں کی نمائندگی کرنا۔
٦۔ سالانہ فیس کی ادائیگی کرنا (اگر مقامی حلقے نے فیس معاف نہ کیا ہو)۔
۷۔ باقی اراکین کے ساتھ مل کر اپنے حلقے کی پائیداری کے لئے کوشاں رہنا۔
۸۔ آن نیٹ ورک کے وسائل کے درست اور شفاف استعمال کو یقینی بنانا۔

## رکنیت کی فیس

ہر مقامی حلقہ باہمی مشورے سے رکنیت کی فیس متعین کرے گا جو سالانہ یا ششماہی وصول کی جائے گی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ فیس کا تعین اراکین کی مالی استطاعت کے مطابق ہو۔ اور وہ رضا کارانہ طور پر فیس دینے کے لئے تیار ہوں۔ اور حلقے کے عہدیدار ایسے اراکین کی فیس کی معافی کے بارے میں فیصلہ کرسکتے ہیں جو فیس ادا نہ کرسکتی ہوں۔

## رکنیت کے شرائط

### آن نیٹ ورک کی رکنیت معطّل کی جاسکتی ہے اگر کوئی رکن:

۱۔ نیٹ ورک کی غیر جانبدار اور غیر سیاسی حیثیت کے برعکس کام کرے۔
۲۔ نیٹ ورک کے مقاصد کے خلاف کام کرے۔
۳۔ اپنے مقامی حلقے کی کسی بھی اجلاس میں شریک نہ ہو۔
۴۔ فیس کی ادائیگی نہ کرے۔

## آن کا انتظامی ڈھانچہ

ابتدائی طور پر ہر ضلع میں آن کے دو مقامی حلقے بنیں گے۔ ایک ضلع میں ایک سے زائد مقامی حلقے

تشکیل دیئے جا سکتے ہیں۔ تمام مقامی حلقے آن نیٹ ورک کا حصّہ ہوں گے۔ ان سب حلقوں کی رکنیت صوبائی یا علاقائی سکریٹریٹس میں ہوگی۔ اور یہ سب قومی نیٹ ورک کے اراکین ہوں گے۔

## مقامی حلقے

آن آہستہ آہستہ مقامی حلقوں کے ذریعے اپنی رکنیت بڑھائے گا۔ مقامی حلقے آن کے نظم وضبط کی پابندی کرتے ہوئے انتظامی اور مالی طور پر مؤثر اور خود مختار ہوں گے۔ ہر مقامی حلقے کی ایک انتظامی کمیٹی ہوگی جو کہ عام اراکین کے ووٹ کے ذریعے منتخب ہوگی۔ اور جنرل باڈی کی اجلاس باقاعدگی سے بلائی جائے گی۔ ہر مقامی حلقہ اپنی اپنی سرگرمیوں کے لئے مالی وسائل اکھٹا کرے گا۔

## مقامی حلقوں کی ذمہ داریاں

۱۔ حلقے کی غیر سیاسی حیثیت کو برقرار رکھے۔

۲۔ انتظامی کمیٹی کے عہدیداروں کے لئے ہر دو سال بعد انتخابات کروائے۔

۳۔ مقامی حلقوں کی رکنیت بڑھانے کے لئے کام کرے۔

۴۔ مقامی حلقے کے اجلاس باقاعدگی سے کروائے تاکہ زیادہ سے زیادہ اراکین شریک ہوں اور فیصلہ سازی مشترکہ بنیاد پر ہو۔

۵۔ رکینت کی فیس متعین کرے اور باقاعدگی سے وصول کرے۔

۶۔ ترجیحی مسائل کی نشاندہی اور حلقے کی منصوبہ سازی اور ورک پلان بنانے میں سہولت فراہم کرے۔

۷۔ اراکین کی مقامی انتظامیہ اور منتخب نمائندوں کے ساتھ ورک پلان کے مطابق ملاقات کروائے۔

۸۔ علاقے میں عورتوں کے حقوق کی خلاف ورزی بالخصوص تشدّد کے واقعات کے خلاف آواز اٹھائے اور ان کے تدارک کے لئے اقدامات کرے۔

۹۔ ان اداروں کے ساتھ تعاون کرے جو رائے دہندگی اور انتخابی عمل کے بارے میں معلومات فراہم کرنے اور رائے دہندہ گان کی رجسٹریشن پر کام کرتے ہیں تاکہ خواتین کی سیاسی شراکت کو سہل بنایا جائے۔

۱۰۔ حلقے کی تمام سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھے مثلاً اجلاس کی کاروائیوں، فیصلہ سازی اور ارکین کے بارے میں معلومات اور وسائل کا حساب کتاب وغیرہ۔

۱۱۔ آن کے سالانہ منصوبے پر عمل کرے۔

۱۲۔ کوئی بھی مقامی حلقے کسی بھی حالات میں سیاسی جماعتوں، نمائندوں یا امیدواروں سے مالی اور دیگر امداد وصول نہیں کر سکتے اور نہ ہی کسی سیاسی جماعت کے لئے کوئی مخصوص محفل یا اجلاس کا اہتمام کر سکتے ہیں۔

## مقامی حلقوں کے عہدیداروں کا انتخاب اور ذمہ داریاں

### انتخاب

- ہر مقامی حلقے میں کم از کم 25 خواتین اراکین ہوں گی۔
- یہ اراکین انتظامی کمیٹی کے مندرجہ ذیل پانچ عہدیدراں کا انتخاب کریں گے:
    - صدر، سکریٹری و خزانچی اور 3۔ اراکین
- انتظامی کمیٹی کے عہدیدار ایک ہی خاندان سے نہ ہوں۔
- کمیٹی کے اجلاس میں کم از کم تین اراکین کی حاضری لازمی ہو گی۔
- عہدیدراں ہر دو سال کے بعد منتخب ہوں گے۔

### ذمہ داریاں

**صدر:** صدر کے پاس نگرانی اور انتظامی امور کے اختیارات ہوں گے۔ وہ مقامی حلقوں کی تمام اجلاسوں کی صدارت کریں گی۔ خزانچی کی غیر موجودگی میں چیک بنائیں گی اور دستخط کریں گی۔ حلقے کی بہتری کے لئے کام کریں گی۔

**سکریٹری و خزانچی:** اجلاس کی کاروائی کا ریکارڈ رکھنا۔ اراکین کو اجلاس اور اس میں کیے گئے فیصلوں سے آگاہ کرنا۔ اور حلقے کے انتخابات وقت پر منعقد کرانا۔ بحیثیت خزانچی حلقے کا مالی ریکارڈ رکھنا، انتظامی کمیٹی کے سامنے ہر مہینے پیش کرنا اور سالانہ آڈٹ کروانا۔ صدر کے ساتھ مل کر بنک اکاؤنٹ کھولنا۔ اکاؤنٹ کھولنے اور رقم نکالنے کے لئے صدر اور خزانچی کے دستخط کی ضرورت ہو گی۔ خزانچی قومی سکریٹریٹ کو باقاعدہ دستخط شدہ مالی رپورٹ بھیجے گی۔

**3 اراکین:** یہ اراکین کمیٹی کے اجلاس میں باقاعدگی سے شرکت کریں گے اور فیصلوں میں حصّہ لیں گے۔ آن کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے تمام کاروائیوں اور فیصلوں سے باخبر رہیں گے۔ اور مقامی حلقوں کے ورک پلان کے نفاذ، مقامی حکومتوں کے ساتھ رابطے اور صدر کے ساتھ اس کے کاموں کی انجام دہی میں تعاون کریں گے۔

## آن قومی سکریٹریٹ کا مقامی حلقوں کے ساتھ تعلق اور ذمہ داریاں

آن کا قومی سکریٹریٹ CGaPS ہے۔قومی سکریٹریٹ کی میزبانی کا تعین ہر تین سال کے بعد اشتراکِ رائے سے ہوگا۔قومی سکریٹریٹ کی ذمہ داریاں مندرجہ ذیل ہیں:

- آن کی قیادت اور آن کے لئے لائحہ عمل ترتیب دینا۔
- خواتین کی سیاسی شرکت پر تحقیق کرنا اور پالیسی بریف تیار کرنا۔
- پالیسی بنانے والوں اور مقامی حلقوں کو معلومات فراہم کرنا۔
- مقامی حلقوں کا ریکارڈ (data base) رکھنا۔
- مقامی حلقوں کو ورک پلان بنانے اور ان کے نفاذ میں معاونت فراہم کرنا۔
- مقامی حلقوں کے اراکین کی استعدادِ کار کو بڑھانے کے لئے اقدامات کرنا۔
- اس بات کی یقین دہانی کرنا کہ مقامی حلقے آن کے اصولوں اور پالیسی کے مطابق کام کر رہے ہیں۔

### آن کی رکنیت کیسے اختیار کی جائے؟

کوئی شخص یا ادارہ آن کی رکنیت لینا چاہے تو اس کے لئے آن کے چارٹر اور مقاصد کو پڑھنا اور سمجھنا ضروری ہے۔ وہ رکنیت کے لئے درخواست فارم پر کر کے مقامی حلقے یا قومی سکرٹریٹ میں جمع کروائے جو آگے متعلقہ مقامی حلقے میں بھیجی جائے گی۔اگر درخواست گزار کے علاقے میں کوئی مقامی حلقہ نہیں ہوگا تو قومی سکرٹریٹ اس علاقے میں مقامی حلقہ تشکیل دینے میں سہولت فراہم کرے گی۔

**Awaz-e-Niswan**

awazniswan@gmail.com
www.aan.org.pk

CGaPS
CENTER OF GENDER
AND POLICY STUDIES

19, Mauve Area, St. 13, G-8/1, Islamabad.
Ph: +92 51 8480303, +92 51 8480200
E-mail: admn.cgaps@gmail.com
Website: www.cgaps.org.pk



ہم اس کتابچے کی اشاعت کے لئے **UNDEF** کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔

UNDEF The United Nations Democracy Fund